31/08/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمد اعظم سے خبریں سُنئے

من کی بات-1

وزیر اعظم نریندر مو دی نے ملک کے مختلف حصوں میں سیلاب اور بادل پھٹنے کے ہوئے جانی اور مالی نقصان گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ آج آکاشوانی پر " من کی بات " کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں انہوننے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں ملک کے سبھی با شندے متاثرین کے ساتھ ہیں۔

وزیر اعظم نے حالات سے نمٹنے کےلئے اپنا کر دار ادا کرنے والے سبھی افراد کی سراہنا کی۔

------PM-1------

وزیر اعظم نے جمونو کشمیر کی کچھ حالیہ حصولیابیوں کا خاص تذکرہ کیا ، جس میں پلوامہ ضلعے میں کھیلے گئے پہلے ڈے نائٹ کرکٹ میچ میں دوران شب کھیل شائقین کی سرگرم شرکت پر اطمینان کا اظہار کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ میرا دیش بدل رہا ہے۔

------PM-2------

من کی بات-2

نریندر مو دی نے سرینگر کے شہرہ آفاق جھیل ڈل میں منعقدہ واٹر سپورٹس فیسٹول کا بھی خصوصی تذکرہ کر تے ہوئے کہا کہ اسطرح کے کھیل پروگرام ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے جذبے کو تقویت بخشتے ہیں۔ فیسٹول کے دوران سرکار کی طرف سے کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم نے عام لوگوں کی مہمان نوازی کے بھی گن گائے۔

------PM-3------

وزیر اعظم نے کھیلو انڈیا واٹر سپورٹس میں نمایاں کارکردگی دِکھانے والی ریاستوں کو مبارکباد پیش کی۔ انہوننے سونے کا تمغہ جیتنے والے مقامی کھلاڑی محسن علی سے بھی بات کی اور انکی حوصلہ افزائی کی۔

------PM-4------

PM-نے دیگر کئی اہم موضوعات پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

سکالر شپ

محکمہ قبائلی امور نے اپنی سکالر شپ پہل کے تحت جموںو کشمیر سے تعلق رکھنے والے شیڈول ٹرائب قبائل سے تعلق رکھنے والے طالب علموں میں2کروڑ53لاکھ روپے کی سکالر شپس واگذار کی ہیں۔

دریں اثناءقبائلی امور کے وزیر جا وید احمد رانا نے باقی ماندہ طالب علموں کو سکالر شپ کے رقومات5ستمبر تک فراہم کرنے کی ہدایت جا ری کی ہے۔

کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت بالا صاحب نے درگ مولہ اور کپواڑہ تحاصیل میں لینڈ ریکارڈس ڈیجیٹائزیشن مراکز کا دورہ کر کے جمعبندیوں اور دیگر ریکارڈوں کو آن لائن کرنے کے عمل کا جائزہ لیا۔

انہوںنے ساتھ ہی مقام شاہ ولی میں زیارت گاہ کی تعمیر کے سلسلے میں بھی انتظامات کا جائزہ لیا۔

میلاد

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے کے پیٹھ مکہامہ علاقے میں واقع زیارت گاہ کا دورہ کر کے وہاں عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان// ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد// اور ڈپٹی کمشنر گاندربل نے بھی اپنے اپنے اضلاع میں میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جَتن کشور کی صدارت میں منعقدہ ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی میٹنگ میں مشن یوا کے تحت ضلعے کے83 نوجوانوں کے حق میں خود روزگار یونٹ قائم کرنے کے سلسلے میں مالی مدد کے معاملات منظور کئے گئے۔

اُدھر ضلع بڈگام میں جموںو کشمیر دیہی روزگار ضمانتی پروگرام اور وزیر اعظم روزگار ضمانتی پروگرام کے تحت ضلع سطح کی ٹاسک فورس کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران51 درخواستوں کو منظوری دی گئی۔

ہائی وے

مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بنی نالہ کے مقام پر متعلقہ حکام کی انتھک مشقت کے بعد سرینگر جموں قومی شاہراہ کو بحال کرنے کے بعد گذشتہ رات ایک اور لینڈ سلائڈ ہونے کے نتیجے میں یہ سڑک ایک بار بند ہو گئی ہے۔

انہوننے کہا کہ خراب موسمی صورتحال کے با وجود سڑک کو بحال کرنے کا کام جا ری ہے۔

دریں اثناءہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے کہاہے کہ قومی شاہراہ مسلسل چھٹے روز بھی ٹریفک کے بند ہے۔ انہوننے کہا ہے کہ شاہراہ کے کئی مقامات پر تازہ پسیاں گر آئی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ